© rasailojaraid.com



# زبان میری ہے بات اُن کی

ساغر اقبالی

★ امریکہ، پاکستان میں دہشت گرد گروپوں کی مدد کرتا ہے۔(نگران وزیر داخلہ پاکستان)

کہ افغانستان اور عراق جیسے حالات پیدا کر کے داخلے کا جواز بنایا جا سکے۔

★ کشمیر سنگھ جاسوس، وطن کے دشمن کو انسانی حقوق کے جذبے کے تحت رہا کر دیا گیا۔(ایک خبر)

اور ڈاکٹر عبدالقدیر خان وطن کے محسن سالہا سال سے قید میں ہیں۔

★ عوام کو بے وقوف بنایا جا رہا ہے۔معزول ججوں کی بحالی ممکن نہیں۔(شیر افگن)

عقل نئیں تے موجاں ای موجاں

★ بش گلوکار بن گیا۔وائٹ ہاؤس کو الوداع کہنے کا گیت گایا۔(ایک خبر)

پرویز مشرف بھی الوداعی گیت گانے کی تیاری کر رہے ہیں۔

★ پارٹی پالیسیوں نے مار ڈالا، عوام واقعی تنگ تھے۔(شیخ رشید)

مگر اقتدار کے نشے میں کچھ نہ سوجھا

★ صدر مشرف کی قوت برداشت کے سبب میڈیا نے آج ترقی کی۔(گورنر خالد)

قومی اسمبلی کے پہلے اجلاس میں نجی چینلز کی کیبل کاٹ دی گئیں۔

★ سپیکر منتخب ہونے پر میڈم فہمیدہ کو میں دل کی گہرائیوں سے مبارک باد پیش کرتا ہوں۔(فاروق ستار)

رسولِ پاک صلی اللہ علیہ وسلم کو بتایا گیا کہ کسریٰ کی وفات کے بعد اُس کی بیٹی کو حکمران بنا دیا گیا ہے۔آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:''وہ قوم ہرگز فلاح نہیں پائے گی۔''

★ وزارتِ عظمیٰ کا امیدوار ہوں، نامزد نہ ہوا تو میں اور میرا بیٹا کوئی عہدہ نہیں لیں گے۔(امین فہیم)

ترک تعلقات کا مجھ کو بھی غم نہیں
دل چاہتا ہے لیکن ، آغاز وہ کریں

★ ججز کی قید کے کوئی آرڈر جاری نہیں کیے گئے۔وہ آزاد ہیں۔(اٹارنی جنرل ملک قیوم)

مجھے اور دوسرے ججوں کو اہل خانہ سمیت قید کیا گیا۔(افتخار محمد چودھری)



© rasailojaraid.com